قال الله تعالى {{فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ }}سورة التوبه «122

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم {{مَن يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ}} متفق علیہ

# فقہ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی ممبئی

## مختصر تعارف، مقاصد، منصوبے

جمعية الفقه التعليمية والخيرية

2013 ١٤٣٤ھ

الكتاب والحكمة و يعلمهم

FIQH EDUCATIONAL & WELFARE SOCIETY






Master Plan of Jamiatul At Qurtuba

## ناظرین کرام

فقہ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی ممبئی مہاراشٹر انڈیا کا ایک رجسٹرڈ تعلیمی ورفاہی ادارہ ہے، جو چیریٹی کمشنر آفس ممبئی سے منظور شدہ ہے۔جس کے تحت پورے ملک کے کسی بھی حصہ میں تعلیمی ورفاہی ادارے قائم کیئے جاسکتے ہیں۔

سوسائٹی کا قیام 1434 موافق 2013 میں ہوا ہے،اور چیریٹی کمشنر ممبئی سے اس کے رجسٹریشن کی کاروائی 2014 میں مکمل ہوئی ہے۔

MAH/MUM/1172-2014-GBBSD رجسٹریشن نمبر ہے۔

## سوسائٹی کی بنیاد

کتاب اللہ۔

سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

صحابہ کرام،تابعین، تبع تابعین،اوران کے بعد کے اہل الحدیث اور امت مسلمہ کے فقہاء کرام کے علمی اجتہادات پر مبنی ہے۔

# اغراض ومقاصد

- کفر والحاد، مادہ پرستی اور اسلامی اقدار سے عاری، غیر اسلامی نظریات کی یلغار کے اس دور میں ملک وملت کی فلاح وبہبود کی جدوجہد کرنا۔
- امت مسلمہ کے سامنے پیش آمنے والے جدید فقہی مسائل کا شرعی حل پیش کرنا۔
- ملک وملت کی تعمیر میں تعاون کے لئے صالح افراد تیار کرنا۔
- دین اسلام کی خدمت کے لئے علماء وفقہاء کی ٹیم تیار کرنا۔
- اسلام اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم پر ہونے والے حملوں کا دفاع کرنا۔
- منہج سلف اور اسلامی عقیدہ کی سلامتی کی خاطر ابتداہی سے جامع نصاب تعلیم کے ذریعہ تعلیم وتربیت کا معقول اہتمام کرنا۔
- دینی وعصری علوم کے حسین امتزاج کے ساتھ تعلیمی مشن کو عام کرنا۔
- طلبہ کے معاشی مسائل کو حل کرنے کے لئے فنی وٹیکنیکل تعلیم کا انتظام کرنا۔
- مسلم بچیوں کے لئے ابتداہی سے اسلامی تعلیم وتربیت کا بہترین نظم ونسق کرنا۔

# شعبہ جات اور مستقبل کے عزائم

اللہ کی توفیق سے اہل علم کے ہاتھوں 6 فروری 2018 اعظم گڑھ شہر سے 6 کلومیٹر شمال اور بنکٹ بازار سے چھ سومیٹر جیگہاں روڈ پر وسیع قطعہ اراضی پر قرطبہ نامی زیر تعمیر جدید علمی بستی پر جامع قرطبہ کا سنگ بنیاد رکھا جا چکا ہے۔

ادارہ کا نام جامعہ اسلامیہ ہوگا۔ اور کمپلیکس کا نام قرطبہ ہوگا۔ اس طرح اعظم گڑھ میں قرطبہ نامی ایک علمی بستی کے قیام کی بنیاد رکھی جا چکی ہے۔ جہاں مسجد قرطبہ کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ درسگاہوں کے لئے عارضی چھ کمروں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، ان شاء اللہ شوال 1443ھ سے یوپی گورنمنٹ کے نصاب تعلیم کے ساتھ شعبہ حفظ اور اسکول کی تعلیم کا آغاز کیا جائے گا۔





زیر تعمیر مسجد قرطبہ اور
ہوسٹل و درسگاہوں کے ماسٹر پلان کا ایک منظر

# شعبہ نشر واشاعت

اس شعبہ کے تحت مختلف کتابیں شائع ہوچکی ہیں، اوران میں سے بعض زیر طبع ہیں۔

1۔{نعمة المنان مجموع فتاوی فضيلة الدكتور فضل الرحمن}

6 جلدوں میں 3158 صفحات پر مشتمل، شیخ محترم رحمہ اللہ کا مجموع فتاوی شائع ہوکر اہل علم تک پہنچ چکا ہے۔ جو ایک انسائیکلو پیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔

2۔مختصر کتاب التوحید تالیف انصارزبیر محمدی 5000 ہزار کی تعداد میں شائع ہوکر تقسیم کی جاچکی ہے۔

3۔مفید المستفید بشرح کتاب التوحید انصارزبیر محمدی شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ کی معرکۃ الآراء کتاب کی شرح دو جلدوں میں زیر طباعت ہے۔

4۔جنتی عورت ۔اردو۔ہندی تالیف انصارزبیر محمدی مطبوع

5۔عہد نبوی میں خواتین کا دعوتی کردار، ڈاکٹر محمود مرزا مطبوع {شبلی نیشنل کالج اعظم گڑھ کے امہات المومنین سیمینار میں یہ کتاب تقسیم کی گئی}

6۔شرح اربعین نووی شارح انصارزبیر محمدی زیر طبع



# اسلامک فقہ کونسل آف انڈیا

یہ ادارہ بھی فقہ ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کا ایک فعال شعبہ ہے، جس کے تحت چند کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ اس ادارہ کے قیام کے اغراض ومقاصد حسب ذیل ہیں:

1۔ عہد جدید میں دور جاہلیت کا شرک مختلف شکلوں میں عود کر رہا ہے، جس کے خطرات کو بیان کرنے اور توحید کے فوائد واضح کرنے کے لئے فقہ التوحید کا اہتمام کرنا۔ اس لئے کہ اصل فقہ تو فقہ التوحید ہی ہے۔

2۔ عہد حاضر کی معاشی، معاشرتی، سیاسی وصنعتی تبدیلیوں اور جدید ترقیات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل کا قرآن وسنت، اور منہج سلف کی تشریحات کی روشنی میں حل تلاش کرنا۔

3۔ دور جدید یا بدلتے ہوئے حالات میں پیش آنے والے مسائل جو بحث وتحقیق کے متقاضی ہیں، اسلامی فقہ کے اصول وضوابط کی روشنی میں اہل علم تحقیق کے ذریعہ ان کا حل تلاش کرنا۔

4۔ منہج سلف کو فروغ دینے کے لئے فہم کتاب وسنت کا ذوق پیدا کرنا۔

5۔ قدیم صالح اور جدید نافع کے مطابق علماء کی ایک ٹیم تیار کرنا۔

6۔ فقہی مسائل کو جدید ماحول کے تقاضوں کے مطابق مستند تحقیق کے بعد جدید ذرائع ابلاغ کا استعمال کرکے عوام کے سامنے پیش کرنا۔

7۔ جدید پیش آمدہ مسائل میں ماہرین فن علماء اور مستند تعلیمی اداروں سے ذمہ دارانہ تحریریں اور فتاوی کا انتظام کر کے عام مسلمانوں کو باخبر کرنا۔

8۔ عالم اسلام کے تمام فقہی وتحقیقی مراکز سے رابطہ قائم کر کے باہم ایک دوسرے کی کاوشوں سے باخبر رہنا اور حسب ضرورت ان سے استفادہ کرنا۔

9۔ حسب ضرورت عامۃ الناس کو فقہ النوازل سے واقف کرانا۔

10۔ اسلامی قوانین کے بارے میں مختلف حلقوں کی طرف سے پیدا کی جانے والی غلط فہمیوں اور غلط تعبیرات کا ازالہ کر کے ان کے فوائد وثمرات بیان کر کے لوگوں کو دین فطرت کی طرف راغب کرنا۔

11۔ امت مسلمہ کو درپیش جدید چیلنج کا مدلل جواب دینے کے لئے عصری اسلوب سے ہم آہنگ صالح لٹریچر تیار کرنا۔

12۔ نئے باصلاحیت وممتاز فارغین جامعات کو عالم اسلام کی اعلی جامعات میں داخلہ کی سفارش کرنا اور انہیں مستقبل کے لئے تیار کرنا۔

13۔ عربی جامعات سے فارغ ذہین اور باصلاحیت علماء کو انگریزی زبان اور عصری لٹریچر کے ذریعہ جدید پیش آمدہ مسائل کی حقیقت کو سمجھنے کے لئے تیار کرنا اور دلائل کے ساتھ صحیح رہنمائی کرنا۔

14۔ مختلف مسالک کے علمی وفقہی ذخیرہ سے استفادہ کا رجحان پیدا کر کے فہم سلف کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دینا۔

15 CA اور ماہرین اقتصادیات کے ساتھ ماہرین فن ومتخصص علماء کی مختلف مجالس منعقد کرنا اور دونوں کے تجربات سے ملت کو روشناس کرانا۔

16 وکلاء اور علماء اور اسلامی عدالتوں کے قضاۃ کے درمیان مجالس منعقد کرانا اور وکلاء کو اسلامی قوانین کی خوبیوں سے اور علماء وقضاۃ کو ملکی قوانین کی باریکیوں سے واقف کرانا۔ تاکہ بوقت ضرورت ملک وملت ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہوسکیں۔

17۔ مذکورہ نشاطات سے باخبر رہنے کے لئے ایک موسمی مجلہ (فقہ السنہ) کا اجراء (جسکے رجسٹریشن کی کاروائی مکمل ہوچکی ہے، اور وزارت اطلاعات ونشریات دہلی سے رجسٹریشن نمبر بھی مل چکا ہے۔





جامعہ میں تعمیر شدہ چند کمرے۔

# شعبہ دعوت و تعلیم وتربیت

اس شعبہ کے تحت تمام دعوتی و تعلیمی مشن فروغ دیئے جائیں گے، جن کا مختصر خاکہ حسب ذیل ہے۔

1۔معہد عبداللہ بن مسعود لتحفیظ القرآن الکریم

جس کا افتتاحی اجلاس 30 دسمبر 2020 جامع ڈاکٹر صالح العقل {مسجد التوحید}، قدیم چک بندی آفس کے سامنے، محمد آباد گوہنہ میں ہو چکا ہے۔ تعلیمی سلسلہ کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔جس کی تعلیمی نگرانی مولانا نسیم احمد سلفی حفظہ اللہ انجام دیتے ہیں۔

2۔مسجد ابوذر غفاری { رضی اللہ عنہ } رحمت نگر اعظم گڑھ میں معہد عبداللہ بن عباس لتحفیظ القرآن الکریم کا عن قریب قیام۔

3. قرطبہ بنکٹ کے اس تعلیمی مرکز میں معہد عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ لتحفیظ القرآن الکریم کا قیام، جہاں شوال ۱۴۴۳ھ سے تعلیمی سلسلہ شروع کیا جائے گا۔

4-قرطبہ پبلک اسکول {جس کا آغاز قرطبہ کمپلیس بنکٹ میں کیا جائے گا}

5-قرطبہ پرائمری اسکول {جس کا آغاز قرطبہ کمپلیکس میں جلد ہی کیا جائے گا}

6-قرطبہ جونئر ہائی اسکول {یہ شعبہ مرحلہ وار قائم کیا جائے گا}

7-قرطبہ ہائی اسکول {یہ شعبہ بھی مرحلہ وار قائم کیا جائے گا}

8۔کلیۃ العلامۃ عبدالرحمن محدث المبارکفوری للحدیث الشریف {علامہ عبدالرحمن محدث مبارکپوری کالج برائے حدیث شریف}

{جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ اورعرب جامعات کے تعاون سے ہندوستانی جامعات کے فارغین کے لئے حصول علم کا ایک بہترین اورسنہری موقعہ ہوگا}۔

9۔ جامع مسجد قرطبہ ۔جس کی تعمیر کا سلسلہ جاری ہے۔جس میں سات سو مصلی بہ یک وقت مسجد کے اندرونی حصہ میں نماز ادا سکیں گے،اورشعبہ حفظ کے چار حلقے وہاں قائم کئے جاسکتے ہیں۔ان شاء اللہ یہ مسجد اس خطہ میں دعوت الی اللہ کا مرکز بھی ہوگی۔

10-{منہج سلف کے مطابق قرآن وسنت کی فہم کو عام کرنے کے لئے اس شعبہ کا قیام وقت کی ضرورت ہے}

11- یک ٹیکنکل کالج کا قیام۔

قوم کے نونہالوں کو صاف ستھری اور باوقار معیشت سے جوڑنے کے لئے چھ ماہ،سال اوردوسالہ مختصرکورسس کا انعقاد کرنا اوراس کورس کی ڈگری کو ملک کی کسی یونیورسٹی سے مربوط کرانا۔{جس کے قیام کی منظوری کے لئے ملک کی ایک یونیورسٹی سے ابتدائی گفتگو جاری ہے}۔

# شعبہ رفاہ عامہ

12-علاقہ کی ضرورت کے لحاظ سے ایک اسپتال کا قیام۔

13-ایمرجنسی حالات کے لئے ایمبولینس خدمات کا انتظام کرنا۔

14-دارالقضاء کا قیام: سماج و معاشرہ میں پیش آنے والی عائلی مشکلات کے حل کے لئے عدالتوں کا چکر لگانے کے بجائے عوام کو شرعی حل کی طرف راغب کرنا اور شریعت کا فیصلہ قبول کرنے کی ترغیب دینے کی خاطر اس شعبہ کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔

15-دارالایتام کا قیام یتیم و بے سہارا بچوں کی تعلیمی و تربیتی کفالت کے لئے اس شعبہ کا قیام بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

16-کمپلیکس میں طلباء کی رہائش کے لئے مستقل عمارتوں کی تعمیر۔

17-کمپلیکس میں طلبہ کی درسگاہوں کی لئے مستقل عمارت کی تعمیر۔

18-ماسٹر پلان کے مطابق طالبات کے قیام اور درسگاہ کے لئے مستقل عمارت کی تعمیر اوران کی تعلیم وتربیت، کھیل کود وغیرہ کا معقول و مناسب بندوبست کرنا۔

19-دیار شبلی کی علمی روایت کو آگے بڑھانے کے لئے دارالمصنفین کے طرز پر ایک عظیم الشان جنرل لائبریری کا قیام۔اللہ کا فضل ہے کہ دیار کے ایک بڑے عالم و مصنف نے اپنی پوری لائبریری ادارہ کو وقف کر دی ہے۔

20-روزمرہ پیش آنے والے مسائل کی رہنمائی کے لئے ایک دارالافتاء کا قیام۔

ان تمام عزائم کی تکمیل میں ہمارے لئے سب سے بڑا سہارا اللہ تعالی کی ذات ہے، جس پر توکل کر کے امت کی فلاح وبہبود کے لئے اس عظیم کام کو شروع کیا گیا ہے۔اور پھر اس کے بعد آپ جیسے مخلصین ومحسنین کی دعائیں اورنیک تمنائیں ،مفید مشورے اور حسن تعاون ہمارے لئے ایک قیمتی سرمایہ ہے۔

## سنگ بنیاد کے بعد عالم اسلام کی درج ذیل شخصیات نے زیارت کا شرف عطا کیا

شیخ اصغر علی امام مہدی السّلفی دہلی۔ ڈاکٹر عبدالرحمن پریوائی الہ آباد۔شیخ نورالعین سلفی ،مئو۔
شیخ محفوظ الرحمن فیضی مئو۔شیخ ارشد مختار محمدی مالیگاوں ۔شیخ عبدالسلام سلفی ممبئی۔
ڈاکٹر عبدالعزیز مبارکپوری۔عبدالحمید خان بھیونڈی۔مولانا اقبال محمدی مئو۔
شیخ ظفر عدیل سلفی ابراہیم پور۔شیخ جنید مکی بنارس۔مولانا عبدالجلیل انصاری، ممبئی۔
مولانا ابرار احمد اصلاحی بندی کلاں ۔مولانا مظہرالحق مدنی املو۔شیخ مظہرالاعظمی مئو۔
شیخ شفیق احمد ندوی مئو۔شیخ جعفر انوار الحق دریاباد۔شیخ عبدالسمیع کلیم اللہ مدنی دریاباد۔
شیخ ازہر عبدالرحمن رحمانی الہ آباد، شیخ فاروق عبداللہ رحمانی املو،
مولانا عبیداللہ شفیق اعظمی رائے گڑھ، وغیرہ۔

# سوسائٹی کے ممبران عاملہ وشوری

انصار زبیر محمدی ممبئی (صدر)، شیخ ابو رضوان محمدی مالیگاوں (نائب صدر)، شیخ عنایت اللہ مدنی ممبئی (سکریٹری)، مولانا انیس احمد اثری مئوی، ممبئی، (خازن)

جاوید صوبیدار ممبئی، مولانا عتیق الرحمن سلفی، محمد ارشد اعظمی ممبئی، احتشام اعظمی ممبئی، رئیس شیخ ممبئی، عبدالرحمن اعظمی ممبئی۔

شیخ مختار مدنی ممبئی، ڈاکٹر خورشید آفاق دہلی، ڈاکٹر محمود مرزا الہ آباد، ڈاکٹر محمد طاہر اعظمی اعظم گڑھ، مولانا توفیق اثری چاند پار، حافظ صفی الرحمن بندوی،

حسب ضرورت مزید ممبران کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔



# ان عظیم مقاصد کی تکمیل میں آپ تعاون کیسے کریں؟

1۔اپنے مفید مشوروں کے ذریعہ۔

2۔اپنی مخلصانہ دعاوں اور نیک تمناوں کے ذریعہ۔

3۔سوسائٹی کے تعلیمی اداروں میں طلبہ کا داخلہ کروائیں۔

4۔زمین کی خریداری کے لئے باقی ماندہ رقم کی ادائیگی میں تعاون کیجئے۔

5۔شعبہ حفظ کے مدرسین کی تنخواہ کی ادائیگی میں تعاون کیجئے۔

6۔حفظ کرنے والے نادار بچوں کے تعلیمی اخراجات کا ذمہ لیجئے۔

7۔کتابوں کی طباعت واشاعت میں حصہ میں حصہ لیجئے۔

8۔مسجد قرطبہ کی تعمیر میں حصہ لیجئے۔مسجد کے لئے سیمنٹ، بالو، سریا وغیرہ کا انتظام کیجئے۔



جامعہ میں زیر تعمیر مسجد قرطبہ





# چند تصویری جھلکیاں







مدیر جامعہ محمدیہ منصورہ شیخ ارشد مختار محمدی ۹/ مارچ ۲۰۲۱ء علماء کی ایک ٹیم کے ساتھ زیر تعمیر ادارہ کی زیارت کرتے ہوئے۔
دائیں سے شیخ ارشد مختار محمدی، ڈاکٹر عبدالعزیز مبارکپوری، شیخ نورالعین سلفی، محمد انعام، شیخ نسیم الحق سلفی، خورشید پردھان، اور صدر سوسائٹی انصار زبیر محمدی وغیرہ۔

شیخ عبدالسلام سلفی ممبئی ۸/ مارچ ۲۰۲۱ء کو زیر تعمیر ادارہ کی زیارت کرتے ہوئے۔

## ہیڈ آفس

مہاڈا کالونی۔ نیول روڈ۔ کرلا ویسٹ۔ ممبئی 400070

چیک یا ٹرانسفر کے لئے اکاونٹ نمبر دیا جا رہا ہے۔سوسائٹی کا سالانہ حساب آڈٹ ہوتا ہے، CA کی طرف سے سالانہ حساب کتاب کی درستگی کا سرٹیفکٹ بھی ملتا ہے .بنک اکاونٹ سے کسی بھی قسم کا لین دین سوسائٹی کے صدر، سکریٹری اور خازن ان تین ممبران میں سے دو کی دستخط کے بعد ہی ہوتا ہے۔آپ ٹرانسفر کے ساتھ ہی رقم کا مد اعانت بھی ذکر کردیں، تاکہ آپ کی نیت کے لحاظ سے آپ کی امانت کا استعمال کیا جاسکے۔سہولت کی خاطر QR کوڈ بھی دیا جارہا ہے، ہمیں امید ہے کہ اپنا تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

## بینک اکاونٹ

Kindly Support Our Educational, Social & Dawah Activities Generously.

SCAN TO PAY

جمعیۃ الفقہ التعلیمیۃ والخیریۃ

FIQH EDUCATIONAL & WELFARE SOCIETY

PLEASE DONATE GENEROUSLY

A/c. Name : Fiqh Educational Welfare Society
Bank : ICICI Bank (Kurla)
Branch : Mumbai Phoenix Market City Branch, Kurla
A/c. No. : 196205001557
IFSC Code : ICIC0001962

| | | |
|---|---|---|
| انصار زبیر محمدی | عنایت اللہ مدنی | انیس احمد اثری |
| صدر | سکریٹری | خازن |
| 9920555601 | 9987740989 | 9223412060 |

وجملہ اراکین۔